لیکرج ہیلتھ کے عزیز مریض/خاندان کے رکن،

ہم آپ کی بہتر خدمت کے لیے ایک شاندار تبدیلی لا رہے ہیں!

3 دسمبر 2021 کو لیکرج ہیلتھ، وسطی مشرقی آنٹیرو (سینٹرل ایسٹ آنٹیریو)میں ہسپتال کی چھ ہم شریک تنظیموں کے ساتھ، متعارف کرائے گا ایک شاندار– جدید، کمپیوٹر پر مبنی نظام جو ہر مریض کے لیے ایک ڈیجیٹل ہیلتھ ریکارڈ (صحت کی عددی معلومات) فراہم کرے گا۔

اس نئے مشترکہ نظام کا آغاز ہماری تاریخ میں ایک اہم سنگ میل ہے اور یہاں ڈرہم کے علاقے اور وسطی مشرقی علاقے میں آنی والی نسلوں کے لیے ہمارے لیکریج ہیلتھ کی دیکھ بھال فراہم کرنے کے طریقے کو بہت بہتر بنائے گا۔ اس شاندار تبدیلی کے بہت سے فوائد میں شامل ہیں:

- طبی فیصلہ سازی میں نگہداشت کی ٹیم کی مدد کے لیے معلومات تک بروقت رسائی، بشمول ٹیسٹ کے نتائج، ادویات کی معلومات، اور دیگر ضروری صحت کی معلومات۔
- مریض کی حفاظتی تدابیر میں بہتری، بشمول مریض کے پلنگ پر بارکوڈ شناخت کی توثیق۔
- کم دہرائی اور زیادہ موثر عمل، صحت کے زیادہ پائیدار نظام میں مدد کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ، شاندار تبدیلی کے اجراء میں مریض کا ایک نیا باب **میرا چارٹ برائے وسطی مشرقی آنٹیرو** (**MyChart Central East Ontario**) شامل ہوگا جہاں آپ اپنے طبی ریکارڈ اور ذاتی صحت کی معلومات تک رسائی حاصل کر سکتی / سکتے ہیں۔ اس بارے میں مزید جاننے کے لیے کہ آپ 3 دسمبر سے شروع ہونے **میرا چارٹ برائے وسطی مشرقی آنٹیرو** (**MyChart Central East Ontario**) میں کیسے اندراج کر سکتی / سکتے ہیں کے لیے ملاحظہ کریں lakeridgehealth.on.ca/mychart.

جب ہم آپ کی دیکھ بھال فراہم کرنے کے اس تیز، محفوظ، اور بہتر طریقے پر منتقل ہوتے ہیں، آپ کو انتظار کے معمول سے زیادہ اوقات اور کچھ طریقۂ کار نظر آئیں گے جو مختلف انداز میں کیے گئے ہیں۔

ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے سخت محنت کر رہے ہیں کہ خدمات میں کسی قسم کی رکاوٹ کو کم سے کم رکھا جائے اور ہم آپ کو یقین دلانا چاہتے ہیں کہ ہم اس منتقلی کے دوران اپنے مریضوں اور ان کے خاندانوں کے لیے بہترین ممکنہ دیکھ بھال اور مدد فراہم کرتے رہیں گے۔ ہم آپ کے صبر اور سمجھ کو سراہتے ہیں تاوقت ہماری ٹیم آپ کو اور آپ کی صحت کی دیکھ بھال کی ضروریات کو بہتر طریقے سے پورا کرنے کے لیے اس نئے نظام کے ساتھ کام کرتی ہے۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم اپنی صحت کی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم کے رکن سے بات کریں۔